10134 ـ اسلام کی دعوت نہ پہنچنے والے کا حکم

سوال

دنیا کے دوردراز علاقوں میں بسنے والے لوگ جنت میں جائیں گے یا کہ جہنم میں ؟
مثلا جولوگ جنگلوں میں یا پھرجوقطب جنوبی میں رہتے ہیں ہیں اوران تک نہ توکوئ نبی پہنچا اورنہ ہی کسی نے انہیں اللہ تعالی اور دین اسلام کی دعوت ہی دی ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ایسے لوگوں کے بارہ میں جوسب سے بہتر قول ہے وہ یہی ہے کہ روزقیامت ان کا امتحان لیا جائے گا اوران کی آزمائش کی جائیگي جو بھی اس دن اطاعت کرے گا وہ جنت میں اورجوبھی نافرمانی کرے گا وہ جہنم اورآگ میں داخل ہوگا ۔

اس لیے کہ اللہ تعالی نے فرمایا ہے :

ہم کسی کوبھی اس وقت تک عذاب نہیں دیتے جب تک کہ رسول مبعوث نہ کردیں الاسراء (15) ۔ .